جب تم میں سے کوئی شخص جوتا پہنے تو دائیں طرف سے شروع کرے اور جب اتارے تو بائیں طرف سے اتارے دایاں پاؤں پہننے میں اول ہو اور اتارنے میں آخری ہو

علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جب تم میں سے کوئی شخص جوتا پہنے تو دائیں طرف سے شروع کرے اور جب اتارے تو بائیں طرف سے اتارے دایاں پاؤں پہننے میں اول ہو اور اتارنے میں آخری ہو“

[صحیح] [متفق علیہ]

جوتا پہننے میں مستحب طریقہ یہ ہے کہ پہنتے وقت دائیں پاؤں سے ابتدا کی جائے اور اتارتے وقت اس کا الٹا کیا جائے یعنی بائیں پاؤں سے اتارنے کی ابتدا کی جائے کیونکہ اس میں دائیں پاؤں کی تکریم ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/5357